127

آیت نمبر 109

آیات نمبر 109 تا 117 میں کفار کا اصرار کہ اگر معجزہ دکھا دیا جائے تو وہ ایمان لے آئیں گے ۔اللہ کی طرف سے جواب کہ یہ لوگ معجزہ دیکھ کر بھی ایمان نہیں لائیں گے۔جب کبھی کوئی نبی مبعوث ہوا تو بہت سے انسان اور شیطان اس کی دعوت کے مقابلے میں لوگوں کو گمراہ کرتے ہیں۔رسول اللہ ﷺ کو تلقین کہ ان کافروں کو بتا دو کہ میرے پاس اللہ کی کتاب آ چکی ہے،میں اسے چھوڑ کر کسی دوسرے کی پیروی نہیں کر سکتا

وَ اَقۡسَمُوۡا بِاللّٰهِ جَهۡدَ اَيۡمَانِهِمۡ لَئِنۡ جَآءَتۡهُمۡ اٰيَةٌ لَّيُؤۡمِنُنَّ بِهَا ؕ اور یہ
لوگ اللہ کی بڑی سخت قسمیں کھا کر کہتے ہیں کہ اگر کوئی معجزہ ان کے سامنے آ جائے
تو وہ ضرور اس پر ایمان لے آئیں گے قُلۡ اِنَّمَا الۡاٰيٰتُ عِنۡدَ اللّٰهِ وَ مَا
يُشۡعِرُكُمۡ ۙ اَنَّهَاۤ اِذَا جَآءَتۡ لَا يُؤۡمِنُوۡنَ ۝۱۰۹ آپ فرما دیجئے کہ معجزے تو اللہ
ہی کے پاس ہیں اور اے مسلمانو! تمہیں کیا خبر کہ اگر کوئی معجزہ آ بھی جائے تو یہ
لوگ پھر بھی ایمان نہیں لائیں گے وَ نُقَلِّبُ اَفۡـِٕدَتَهُمۡ وَ اَبۡصَارَهُمۡ كَمَا لَمۡ
يُؤۡمِنُوۡا بِهٖۤ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّ نَذَرُهُمۡ فِىۡ طُغۡيَانِهِمۡ يَعۡمَهُوۡنَ ۝۱۱۰ۧ اور ہم ان کے
دلوں کو اور ان کی آنکھوں کو الٹ دیں گے سو وہ پھر بھی ایمان نہیں لائیں گے جیسے وہ
اس پر پہلی بار ایمان نہیں لائے اور ہم انہیں ان کی سرکشی میں ہی بھٹکتا چھوڑ دیں گے

جیسے وہ پہلی دفعہ ایمان نہیں لائے،سو وہ معجزہ دیکھ کر بھی ایمان نہیں لائیں گے رکوع [۱۳]

وَ لَوْ اَنَّنَا نَزَّلْنَآ اِلَيْهِمُ الْمَلٰٓئِكَةَ وَ كَلَّمَهُمُ الْمَوْتٰى وَ حَشَرْنَا عَلَيْهِمْ
كُلَّ شَيْءٍ قُبُلًا مَّا كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْٓا   اگر ہم ان منکروں پر فرشتے نازل کر دیں
اور مردے بھی ان سے باتیں کرنے لگیں بلکہ دنیا کی تمام چیزیں بھی انکی آنکھوں کے
سامنے لا کھڑی کریں تب بھی یہ لوگ ایمان لانے والے نہیں   اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ
اللّٰهُ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ يَجْهَلُوْنَ ﴿١١١﴾ سوائے اس کے کہ اللہ کی مشیت یہی ہو کہ
یہ ایمان لے آئیں، لیکن ان میں اکثر لوگ نادانی کی باتیں کرتے ہیں   وَ كَذٰلِكَ
جَعَلْنَا لِكُلِّ نَبِيٍّ عَدُوًّا شَيٰطِيْنَ الْاِنْسِ وَ الْجِنِّ يُوْحِيْ بَعْضُهُمْ اِلٰى
بَعْضٍ زُخْرُفَ الْقَوْلِ غُرُوْرًا ؕ اور جس طرح یہ آپ کے دشمن ہیں اسی طرح
ہم نے ہر پیغمبر کے لئے بہت سے شیطان سیرت انسانوں اور جنات کو دشمن بنایا تھا جو
لوگوں کو دھوکہ دینے کے لئے پر فریب اور بے بنیاد باتیں ایک دوسرے کے دلوں
میں ڈالتے رہتے تھے   وَ لَوْ شَآءَ رَبُّكَ مَا فَعَلُوْهُ فَذَرْهُمْ وَ مَا يَفْتَرُوْنَ ﴿١١٢﴾
اور اگر آپ کا رب چاہتا تو وہ ایسا نہ کر سکتے سو آپ انہیں ان کے حال پر چھوڑ دیجئے اور
جو بہتان وہ لگاتے ہیں آپ اس پر توجہ نہ دیں یہ دنیا کی زندگی امتحان ہے، اس لئے اللہ نے
انہیں اطاعت یا نافرمانی کا اختیار دیا ہے، بالآخر قیامت کے دن انہیں اپنے اعمال کا صلہ مل جائے گا
وَ لِتَصْغٰٓى اِلَيْهِ اَفْـِٕدَةُ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ وَ لِيَرْضَوْهُ وَ
لِيَقْتَرِفُوْا مَا هُمْ مُّقْتَرِفُوْنَ ﴿١١٣﴾ اور وہ اس لیے بھی ایسا کرتے تھے کہ وہ لوگ
جو آخرت کا یقین نہیں رکھتے ان کے دل اُن فریب آمیز باتوں کی طرف مائل ہو

جائیں اور جو برائیاں وہ کر رہے تھے ان ہی کا ارتکاب کرتے رہیں اَفَغَیْرَ اللّٰہِ
اَبْتَغِیْ حَکَمًا وَّ ھُوَ الَّذِیْٓ اَنْزَلَ اِلَیْکُمُ الْکِتٰبَ مُفَصَّلًا ؕ آپ فرما دیجئے کہ کیا
میں اللہ کے سوا کسی اور فیصلہ کرنے والے کو تلاش کروں حالانکہ وہ ایسا ہے جس نے
تمہاری طرف ایک کتاب نازل کی ہے جس میں ہر چیز کی تفصیل موجود ہے وَ الَّذِیْنَ
اٰتَیْنٰھُمُ الْکِتٰبَ یَعْلَمُوْنَ اَنَّہٗ مُنَزَّلٌ مِّنْ رَّبِّکَ بِالْحَقِّ فَلَا تَکُوْنَنَّ مِنَ
الْمُمْتَرِیْنَ ﴿۱۱۴﴾ اور جن لوگوں کو ہم نے آپ سے پہلے کتاب یعنی تورات دی تھی وہ
جانتے ہیں کہ یہ کتاب یعنی قرآن آپ کے رب ہی کی طرف سے حق کے ساتھ نازل ہوئی
ہے لہٰذا آپ ہرگز شک کرنے والوں میں شامل نہ ہوں وَ تَمَّتْ کَلِمَتُ رَبِّکَ صِدْقًا وَّ
عَدْلًا ؕ اور آپ کے رب کا کلام سچائی اور انصاف کے اعتبار سے کامل ہے لَا مُبَدِّلَ
لِکَلِمٰتِہٖ ۚ وَ ھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ﴿۱۱۵﴾ اُس کی باتوں کو کوئی بدلنے والا نہیں اور وہ خوب
سننے والا خوب جاننے والا ہے اس کے فیصلوں اور اس کے قانون کو کوئی نہیں بدل سکتا وَ
اِنْ تُطِعْ اَکْثَرَ مَنْ فِی الْاَرْضِ یُضِلُّوْکَ عَنْ سَبِیْلِ اللّٰہِ ؕ اے محمد ﷺ! اگر
آپ زمین میں بسنے والوں کی اکثریت کے کہنے پر چلیں گے تو وہ آپ کو اللہ کی راہ سے بھٹکا
دیں گے اِنْ یَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ وَ اِنْ ھُمْ اِلَّا یَخْرُصُوْنَ ﴿۱۱۶﴾ یہ لوگ تو محض
گمان پر چلتے ہیں اور قیاس آرائیاں کرتے ہیں اِنَّ رَبَّکَ ھُوَ اَعْلَمُ مَنْ یَّضِلُّ عَنْ
سَبِیْلِہٖ ۚ وَ ھُوَ اَعْلَمُ بِالْمُھْتَدِیْنَ ﴿۱۱۷﴾ بلاشبہ آپ کا رب خوب جانتا ہے کہ کون اُس
کے راستے سے ہٹا ہوا ہے اور وہ ان سے بھی خوب واقف ہے جو اُس کے راستے پر چل رہے
ہیں

[# 127]

In Verses 109 to 117 Disbelievers insist that if a miracle is shown, they will believe. Allah's response is that even if they see a miracle, they will not believe. Whenever a Prophet is sent, many humans and devils strive against the call of the Prophet, leading people astray. The Prophet Muhammad [Peace be upon him] was instructed to inform the disbelievers that the Book of Allah has come to me, and I cannot follow anyone else except it.

وَ اَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ لَئِنْ جَآءَتْهُمْ اٰيَةٌ لَّيُؤْمِنُنَّ بِهَا ؕ

And these people, after taking severe oaths in the name of Allah, claim that if a miracle is presented before them, they will certainly believe in it.

قُلْ اِنَّمَا الْاٰیٰتُ عِنْدَ اللّٰهِ وَ مَا یُشْعِرُكُمْ ۙ اَنَّهَاۤ اِذَا
جَآءَتْ لَا یُؤْمِنُوْنَ﴿۱۰۹﴾

Say that: miracles are with Allah alone. [O Muslims!] What will make you realize, that even if a miracle were to come, these people still would not believe?

وَ نُقَلِّبُ اَفْـِٕدَتَهُمْ وَ اَبْصَارَهُمْ كَمَا لَمْ یُؤْمِنُوْا بِهٖۤ اَوَّلَ
مَرَّةٍ وَّ نَذَرُهُمْ فِیْ طُغْیَانِهِمْ یَعْمَهُوْنَ﴿۱۱۰﴾ع رکوع[۱۳]

We shall turn their hearts and their eyes away [from recognizing the signs] as they did not believe in it the first time. And We will leave them in their transgression, wandering blindly.

[As they did not believe the first time, so they will not believe even after seeing a miracle.]

وَ لَوْ اَنَّنَا نَزَّلْنَآ اِلَيْهِمُ الْمَلٰٓئِكَةَ وَ كَلَّمَهُمُ الْمَوْتٰى وَ
حَشَرْنَا عَلَيْهِمْ كُلَّ شَيْءٍ قُبُلًا مَّا كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْٓا

Even if We were to send down angels to them [from heaven], and the dead were to speak to them, and if We were to assemble before them every [miraculous] thing [they would ask for], still these people would not believe.

اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ يَجْهَلُوْنَ ﴿١١١﴾

Except that Allah had so willed, [that they believe], but most of them are ignorant.

وَ كَذٰلِكَ جَعَلْنَا لِكُلِّ نَبِيٍّ عَدُوًّا شَيٰطِيْنَ الْاِنْسِ وَ الْجِنِّ
يُوْحِيْ بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضٍ زُخْرُفَ الْقَوْلِ غُرُوْرًا ؕ

[And just as these are your enemies], similarly, for every prophet, We made many devils from among humans and jinn as enemies, who would cast false, baseless ideas into the hearts of one another [to lead people astray.]

وَلَوْ شَآءَ رَبُّكَ مَا فَعَلُوْهُ فَذَرْهُمْ وَ مَا يَفْتَرُوْنَ ﴿۱۱۲﴾

And had your Lord so willed, they would not have done it. So, leave them alone, along with all [the lies] that they forge.

This worldly life is a test; therefore, Allah has given them the choice of obedience or disobedience. At last, on the Day of Judgment, they will receive the reward for their deeds.

وَ لِتَصْغٰۤى اِلَيْهِ اَفْـِٕدَةُ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ وَ
لِيَرْضَوْهُ وَلِيَقْتَرِفُوْا مَا هُمْ مُّقْتَرِفُوْنَ﴿۱۱۳﴾

And they did so to incline [towards such deceit], the hearts of those who do not believe in the Hereafter, and so that they may keep on doing evil deeds they are doing.

اَفَغَيْرَ اللّٰهِ اَبْتَغِيْ حَكَمًا وَّ هُوَ الَّذِيْۤ اَنْزَلَ اِلَيْكُمُ
الْكِتٰبَ مُفَصَّلًا ؕ

[O Muhammad] say to them: Should I seek a judge other than Allah while it is He who has revealed to you the Book, explained in detail?

وَ الَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يَعْلَمُوْنَ اَنَّهٗ مُنَزَّلٌ مِّنْ رَّبِّكَ
بِالْحَقِّ فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِيْنَ ﴿١١٤﴾

And those to whom We gave the Scripture before it - they know that it is sent down from your Lord with truth, so never be among those who doubt [to be the revelation from Allah].

وَتَمَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ صِدْقًا وَّ عَدْلًا ؕ

The words of your Lord are complete in truth and justice.

لَا مُبَدِّلَ لِكَلِمٰتِهٖ ۚ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿١١٥﴾

No one can alter His words, and He is the All-Hearing, All-Knowing.

وَ اِنْ تُطِعْ اَكْثَرَ مَنْ فِي الْاَرْضِ يُضِلُّوْكَ عَنْ سَبِيْلِ
اللّٰهِ ؕ

[O Muhammad!] If you follow the majority of those on the earth, they will lead you away from the path of Allah.

اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ وَ اِنْ هُمْ اِلَّا يَخْرُصُوْنَ ﴿۱۱۶﴾

These people only follow conjecture and do nothing but bring forth lies.

اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ مَنْ يَّضِلُّ عَنْ سَبِيْلِهٖ ۚ وَ هُوَ اَعْلَمُ
بِالْمُهْتَدِيْنَ ﴿۱۱۷﴾

Indeed, your Lord knows best who has strayed from His path, and He knows best those who are guided.